شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

25مئی2024ء

# پریس ریلیز

**اللہ تعالیٰ نے اپنے رسولوں (علیہم السلام) کو "کتاب" اور "میزان" دے کر بھیجا تاکہ لوگوں میں نظامِ عدل وقسط قائم کیا جائے۔**

**عدل اسلام کا کیچ ورڈ ہے، پاکستانی معاشرے کی اساس عدل وقسط پر قائم کی جائے۔**

**اللہ تعالیٰ قرآن کو تھامنے کی بدولت قوموں کو عروج عطا فرمائے گا اور اسی کو ترک کردینے کی وجہ سے ذلیل وخوار کردے گا۔**

**وکلاء برادری حکومت پر بھرپور دباؤ ڈالے کہ فلسطینی مسلمانوں کی مدد کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں۔(شجاع الدین شیخ)**

**(وکلاء کے ساتھ ایک نشست میں امیر تنظیم اسلامی شجاع الدین شیخ کا خطاب)**

**لاہور(پ ر):** اللہ تعالیٰ نے اپنے رسولوں (علیہم السلام) کو "کتاب" اور "میزان" دے کر بھیجا تاکہ لوگوں میں نظامِ عدل وقسط قائم کیا جائے۔ عدل اسلام کا کیچ ورڈ ہے، پاکستانی معاشرے کی اساس عدل وقسط پر قائم کی جائے۔ وکلاء برادری حکومت پر بھرپور دباؤ ڈالے کہ فلسطینی مسلمانوں کی مدد کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں۔ ان خیالات کا اظہار تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے وکلاء کے ساتھ ایک نشست میں کیا۔ انہوں نے کہا کے ختم نبوت کے بعد اسلام کے عادلانہ نظام کے قیام اور نفاذ کی ذمہ داری امتِ مسلمہ پر عائد ہوتی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ قرآن کے آفاقی پیغام کو نظر انداز کر کے امتِ مسلمہ نے بحیثیت مجموعی مجرمانہ غفلت کا مظاہرہ کیا ہے۔ آج دنیا میں 57 مسلم ممالک اور دو ارب کے قریب مسلمان ہیں لیکن اس کے باوجود امتِ مسلمہ پوری دنیا میں بدترین ذلت اور رسوائی سے دوچار ہے۔ قرآن و حدیث میں واضح خبریں موجود ہیں کہ قیامت سے قبل کل روئے ارضی پر اللہ کا دین قائم و نافذ ہو کر رہے گا۔ ان شاءاللہ! ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ اس اہم ترین ذمہ داری یعنی اقامت دین کی جدوجہد کو ادا کرنے میں ہم کیا کردار ادا کرتے ہیں اور اسی سے متعلق قیامت کے دن ہم سے سوال کیا جائے گا۔ حدیث مبارکہ میں آیا ہے کہ اللہ تعالیٰ قرآن کو تھامنے کی بدولت قوموں کو عروج عطا فرمائے گا اور اسی کو ترک کردینے کی وجہ سے ذلیل وخوار کردے گا۔ انہوں نے وکلاء برادری سے اپیل کی کہ وفاقی شرعی عدالت کے سود کے خلاف فیصلہ پر اپیلوں کی سماعت کے لیے سپریم کورٹ کے شریعت ایپلٹ بینچ کی فی الفور تشکیل کے لیے دباؤ بڑھایا جائے تاکہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ سے جنگ کا جلد از جلد خاتمہ ہو اور ملکی معیشت کو اسلامی اصولوں کے مطابق استوار کیا جاسکے۔ اسی طرح ٹرانس جینڈر قانون کے حوالے سے فیڈرل شریعت کورٹ کے فیصلے کے خلاف اپیلوں کی بھی جلد شنوائی کے لیے دباؤ بڑھایا جائے۔ وکلاء برادری مبارک ثانی قادیانی کے کیس میں بھی سپریم کورٹ کو آئین، قانون اور شریعت کے مطابق معاونت فراہم کرے تاکہ اس فتنے کو بھی جڑ سے اکھاڑ پھینکا جائے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم قرآن وسنت کی طرف رجوع کریں، اور انہیں اپنا امام بنا کر مملکتِ خداداد پاکستان کو صحیح معنوں میں اسلامی فلاحی ریاست بنانے کے لیے اپنا تن من دھن لگادیں۔ غزہ میں جاری اسرائیلی درندگی کا ذکر کرتے ہوئے امیر تنظیم نے کہا کہ صہیونی، سرزمینِ غزہ کو صفحہ ہستی سے مٹانے پر تُلے ہوئے ہیں۔ اسرائیل گزشتہ سات ماہ سے غزہ پر شدید ترین بمباری کر رہا ہے لیکن مسلمان ممالک کی بزدلی کا عالم یہ ہے کہ بڑھتی ہوئی اسرائیلی درندگی کے خلاف کھل کر آواز بلند کرنے کو بھی تیار نہیں بلکہ اپنی مجرمانہ خاموشی کے ذریعے ناجائز صہیونی ریاست کو ہی تقویت دے رہے ہیں۔ آج امتحان غزہ کے مسلمانوں کا بھی ہے اور باقی امتِ مسلمہ کا بھی ہے۔ اہلِ غزہ تو اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے اس امتحان میں کامیاب ہو رہے ہیں۔ باقی امتِ مسلمہ اس امتحان میں کامیاب ہونے کے لیے اپنے مظلوم اور مجبور فلسطینی بھائیوں کی اس مشکل گھڑی میں عملی مدد کرے۔ انہوں نے کہا کہ وکلاء برادری حکومتِ پاکستان پر فلسطینی مسلمانوں کی عملی مدد کے لیے دباؤ بڑھائے۔ پھر یہ کہ ناجائز صہیونی ریاست کے خلاف عالمی عدالت انصاف میں جاری مقدمات میں فریق بننے کے حوالے سے حکومتِ پاکستان کو رہنمائی فراہم کی جائے۔ اللہ تعالیٰ سب مسلمانوں کو اپنا دینی فریضہ ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے تاکہ ہمیں اللہ تعالیٰ کی خوشنودی اور اُخروی نجات حاصل ہوسکے۔ آمین یارب العالمین!

**جاری کردہ**

**خورشید انجم**

**مرکزی ناظم نشرو اشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان**

# TANZEEM-E-ISLAMI

## <u>PRESS RELEASE</u>: 25 May 2024

**"Allah *(SWT)* Almighty sent His Messengers *(AS)* with the "Law" and the "Balance" so that a system of justice and equity may be established among the people."**

**"Justice is the catchword of Islam, and the foundation of Pakistani society must be established on justice and equity."**

**"Allah *(SWT)* elevates nations for their holding fast to the Qur'an and degrades and humiliates them on account of their abandoning it."**

**"The legal community must mount maximum pressure on the Government for the practical aid of the Palestinian Muslims."**

**(Address of the Ameer of Tanzeem-e-Islami, Shujauddin Shaikh, in a session with lawyers)**

**Lahore (PR):** Allah *(SWT)* Almighty sent His Messengers *(AS)* with the "Law" and the "Balance" so that a system of justice and equity may be established among the people. Justice is the catch phrase of Islam, and the foundation of Pakistani society must be established on justice and equity. The legal community should exert maximum pressure on the government so that practical steps to aid the Palestinian Muslims may be taken. This was stated by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a session with lawyers. The Ameer said that after the sealing of Prophethood, the paramount responsibility of establishing and implementing the just system of Islam lies solely on the shoulders of the Muslim Ummah. The reality is that by ignoring the universal message of the Quran, the Muslim Ummah as a whole has portrayed criminal negligence. Today, there are a total of 57 Muslim countries and around two billion Muslims, yet the Muslim Ummah is experiencing the worst kind of humiliation and disgrace in its history, around the globe. Unambiguous prophecies exist in the Qur'an and Hadith literature signaling towards the establishment and implementation of Allah's *(SWT)* Deen across the entire planet near the Day of Judgement. *In Sha Allah!* We must be concerned with what role we play in fulfilling this all-important responsibility of struggling to establish the Deen, and this is the very same duty about which we will be questioned on the Day of Judgement. In a Prophetic narration, we find that Allah *(SWT)* will elevate nations if they hold fast to the Qur'an, whereas, disgrace and humiliate them on account of abandoning it. He appealed to the legal community to increase pressure for the immediate formation of the Shariat Appellate Bench of the Supreme Court for hearing of appeals against the Federal Shariat Court's decision to eradicate interest, so that the war being waged against Allah *(SWT)* and His Messenger *(SAAW)* can be swiftly ended, and the national economy established according to Islamic principles. Similarly, pressure should be mounted for the prompt

hearing of appeals filed against the Federal Shariat Court's decision declaring the Transgender Act in violation to the Islamic Shariah. The legal community should also provide assistance to the Supreme Court in the case of Mubarak Sani Qadiani with regards to the constitution, law, and Sharia so that this evil may be nipped in the bud. The need of the hour is that we revert towards the Qur'an and Sunnah and by appointing them as our guides, expend all our resources, physical and spiritual, to actually mould Pakistan into a genuine Islamic welfare state. Mentioning the ongoing Israeli cruelty in Gaza, the Ameer of Tanzeem-e-Islami said that the Zionists are hellbent on erasing Gaza from the surface of Earth. Israel has been mercilessly bombing Gaza for the past seven months, but the cowardice of Muslim nations is such that they are not ready to even raise voices against mounting Israeli atrocities, in turn strengthening the illegitimate Zionist state through their criminal silence. The events unfolding today are not only a test for the Muslims of Gaza, but for the Muslim Ummah as a whole. The inhabitants of Gaza are succeeding in this test with flying colors by giving their lives for the struggle. The rest of the Muslim Ummah must practically assist their oppressed and desperate Palestinian brothers in this time of need, if they wish to also succeed in said test. The Ameer emphasized that the legal community should mount pressure on the Government of Pakistan to practically aid the Palestinian Muslims. Additionally, lend support to the Government of Pakistan enabling it to be a participant in the ongoing cases against the illegitimate Zionist state in the International Court of Justice. May Allah *(SWT)* grant us the ability to fulfill all our religious obligations so that we may attain His pleasure and success in the Hereafter. *Aameen!*

**Issued by:**
**Khursheed Anjum**
**Markazi Nazim Nashr o Ishaat**
**Tanzeem-e-Islami Pakistan**